Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار — MEMBER WUOJ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

بانیہ: انجینئر محمد فیصل بلوچ

جلد 15 | منگل 29 اکتوبر 2024ء | 28 ربیع الاول 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ 179

# ہونہار سکالرشپ پروگرام کی رجسٹریشن شروع

عالمی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ہونہار سکالرشپ پروگرام کے تحت 168 سکالر میں سالانہ 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دیا جائیگا

3 سال میں 130 ارب روپے کے مختلف فنڈز فراہم کئے جائیں گے، پروگرام سے آئندہ سال میں ایک لاکھ 20 ہزار طلبہ مستفید ہوں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

## پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف جعلی مقدمات ختم کرنے کا حکم

آئی جی اسلام آباد سے ایکشن، ایس ایس پی کلفٹن جعلی مقدمات ختم کریں

رہنماؤں کو بلا کر تھانے بیٹھے گا، وکیل کی موجودگی میں پیش کرنے کا حکم

## ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کیلئے گرین انرجی کو فروغ دینا ہوگا

## کشمیر میں ظلم فوج کی واپسی اور کالے قوانین کو ختم کیا جائے

## پاک چین دوستی کی بنیاد باہمی احترام اور اعتماد ہے، خلیل ہاشمی

# کے پی کے ہاؤس دو دہشتگرد کا گڑھ بن چکا

عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کا پرتشدد سیاسی ایجنڈا ہے، ان کو وہیں سے لیڈر ملتے ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی میڈیا سے گفتگو

پنجاب میں کام ہو رہا ہے جبکہ تحریک انصاف پارٹی بنی گروی میں مصروف ہے، عظمیٰ بخاری

## اسرائیل دہشتگرد کارروائیوں میں مصروف ہے، چیئرمین سینٹ

## وفاقی حکومت کا مزید کئی اداروں کی نجکاری کا منصوبہ

## پنجاب پاپولیشن پالیسی کے مسودہ پر مشاورتی اجلاس کا انعقاد

## ایم ڈی کیٹ کے ٹیسٹ میں غلط سوالات پر طلباء کا احتجاج

## براہیم اور احترام کا درس اسلام کی تعلیمات کا لازمی جزو ہے

## اسرائیل کی بڑھتی ہوئی جارحیت کی مذمت کرتے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## پنجگور 7: مزدور دہشت گردی میں جاں بحق

بلوچستان کے علاقے پنجگور میں ایک گھر پر فائرنگ کے نتیجے میں 7 مزدور جاں بحق اور دو زخمی ہو گئے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ مرنے والوں کا تعلق پنجاب سے ہے جنھیں کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشت گردوں نے سفاکی اور بے دردی سے قتل کیا۔ بلوچستان میں آئے روز ہونے والے ایسے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ کبھی بسوں سے لوگوں کو اتار کر شناختی کارڈ دیکھ کر قتل کر دیا جاتا ہے۔ کبھی کسی دکان پر حملہ کر کے خون بہایا جاتا ہے۔ یہ سات مرنے اور دو زخمی ہونے والے لوگ خدا بدن، پنجگور کے علاقے میں گھر کی تعمیر پر مزدوری کر رہے تھے کہ دہشت گردوں نے گھر میں گھس کر انھیں نشانہ بنایا۔ عام طور پر گھروں کو رہنے کے لیے محفوظ تصور کیا جاتا ہے لیکن بلوچستان میں اب گھر بھی غیر محفوظ ہو کر رہ گئے ہیں۔ دہشت گردی کی لپیٹ میں آئے ہوئے علاقوں میں پاک فوج آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہے۔ صوبے میں قانون نافذ کرنے والے اور لوگوں کے تحفظ کے لیے قائم دیگر ادارے بھی موجود ہیں۔ ان کی موجودگی میں گھروں میں موجود لوگ بھی محفوظ نہیں رہے تو ان اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اٹھتا ہے۔ بلوچستان میں ایک طرف کالعدم گروہ اور تنظیمیں دہشت گردی کرتی ہیں تو دوسری جانب مذہبی شدت پسند بھی وار کر جاتے ہیں اور بلوچ علیحدگی پسندوں کی کارروائیاں بھی جاری رہتی ہیں۔ اس صورتحال سے بہت سے علاقوں کے نو گو ایریاز ہونے کا تاثر قائم ہوتا ہے۔ لاشیں گنی جا رہی ہیں، رپورٹنگ ہو رہی ہے، وہاں کی صورتحال بتائی جا رہی ہے جبکہ جس طرح ایکشن کر کے دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جانا چاہیے، اس طرح کے اقدامات سامنے نہیں آ رہے۔ ملک دشمنوں کی طرف سے بلوچستان کے علیحدگی کے راستے پر گامزن ہونے کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں، جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ آپریشن عزمِ استحکام جاری ہے۔ اس کے دائرۂ کار کو اگر بڑھانا بھی پڑتا ہے تو بلا تاخیر بڑھا دیا جائے۔ بلوچستان میں موجود دیگر ادارے فوج کی کارروائیوں کا انتظار نہ کریں۔ اپنی مہارت اور صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے مقامی اور دوسرے علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کریں۔

## حکمرانوں کے ہاں اندازِ حکمرانی

فاروق عالم انصاری

میرے گذشتہ کالم "میرا دین رانجھا، میرا ایمان رانجھا" کا لب لباب اور خلاصہ کچھ یوں تھا کہ ہمارے ہاں سیاسی جماعتوں کا قطعاً کوئی وجود نہیں۔ ایک سیاسی جماعت ایک ریاست کے اندر ایک سیاسی گروہ بندی کا نام ہے جو عوام کی اجتماعی بھلائی اور فلاح و بہبود کیلئے مل جل کر حکومت کے حصول کیلئے کوشش کرتے ہیں۔ ان کا ایک منتخب تنظیمی ڈھانچہ ہوتا ہے۔ یہ اپنے منشور کا باقاعدہ اعلان کرتے ہیں جو ریاست کے کے مفاد سے ٹکراتا نہیں۔ جبکہ ہمارے ہاں ایک سیاسی جماعت ایک لیڈر سے شروع ہو کر اسی پر ختم ہو جاتی ہے۔ "ہم نواز شریف لورز اور عمران خان لورز" کے نام پر اقتدار کے متلاشی جتھوں کو ہی ایک سیاسی جماعت سمجھے بیٹھے ہیں۔ ان جتھوں میں اپنے قائد کیلئے وفاداری بشرط استواری کو ہی اعزاز سمجھا جاتا ہے۔ انہیں عوام کے حالات کی بجائے صرف اپنے انفرادی اور خاندانی حالات میں بہتری مقصود ہوتی ہے۔ ذاتی یا خاندانی مفاد کیلئے انہیں پارٹی چھوڑنے یا بدلنے میں کوئی عار نہیں ہوتا۔ ان میں تمام جماعتی عہدے انتخاب کی بجائے نامزدگی سے پُر کئے جاتے ہیں۔ جماعتی قائد کو پرسش کے کٹہرے میں لانے کی بجائے پرستش کے سنگھاسن پر لا بٹھایا جاتا ہے۔ پھر ان دیوتاؤں سے اصولی اختلاف کرنے والے بھی مارے جاتے ہیں۔ بے گناہ مارے جانے والوں میں بہادر جاوید ہاشمی کا نام ذہن میں آ رہا ہے۔ آپ انہیں پاکستان میں با اصول سیاست کا شہید بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیا یہ خبر نہیں کہ آج ہمیں جاوید ہاشمی کی کوئی خبر نہیں۔ اس نے اپنے ذاتی اور جماعتی مفاد پر قومی مفاد کو ترجیح دی تھی۔ سول بالا دستی پر ایمان رکھنے والے اس سیاستدان کا آغاز طلباء سیاست سے ہوتے ہوئے جنرل ضیاء الحق کی کابینہ کے رکن کے طور پر ہی ہوا تھا۔ لیکن جب بھی پاکستان میں سول بالا دستی کی تاریخ لکھی جائیگی ان کا نام نظر انداز نہیں ہوگا۔

رؤف مغل گوجرانوالہ کے شرفاء میں ایک اہم نام ہے۔ یہ بڑے صنعتکار ہیں۔ پڑھنے سے شغف رکھتے ہیں۔ کئی بار ممبر اسمبلی رہے ہیں۔ ان کا فون تھا کہ میں نے آپ کا "نواز شریف اور عمران خان لورز" والا کالم دیکھا ہے۔ اب اللہ جانے انہیں میرے موقف سے اختلاف ہے یا اتفاق۔ کال درمیان میں ہی منقطع ہو گئی۔ کسی روز ان سے لمبی گپ شپ ہوگی۔ مفاد پرست عناصر کے ان جتھوں جو اپنے تئیں سیاسی کارکن کہلوانے پر بضد ہیں کے ذکر سے ایک واقعہ یاد آ گیا۔ اس واقعہ سے آپ کو ان "سیاسی جماعتوں" "اندرونی ماحول کو دیکھنے اور سمجھنے میں بڑی مدد ملے گی۔ یہ واقعہ معروف خاتون سیاستدان محترمہ عابدہ حسین نے اپنی آٹو بائیوگرافی میں لکھا ہے۔ "ہمیں کراچی میونسپل کارپوریشن کے پرانے دفاتر سے باہر ایک باغیچے میں ایک شامیانے تلے لنچ کیلئے لیجایا گیا۔ لکھنؤ کا بہترین مصالحے دار کھانا بھاری مقدار میں کھانے کے بعد یخ بستہ ٹھنڈی سیون اپ نوش کی۔ اب میں واش روم کی تلاش میں ادھر اُدھر دیکھنے لگی۔ میں نے عظیم طارق سے اس کا ذکر کیا لیکن وہ کہنے لگا۔ سب نے کھانا ختم کر لیا ہے۔ اب ہم الطاف حسین کے پاس جائیں گے۔ وہ عمارت کے اندر ہمارے منتظر تھے۔ ہم میاں نواز شریف اور غلام مصطفیٰ جتوئی کی سرکردگی میں میونسپل کارپوریشن کے تاریک لاؤنج میں داخل ہو گئے۔ سبھی نے میرے اکیلے اندر جانے کا انتظار کیا۔ کیونکہ پورے گروپ میں، میں ہی واحد خاتون تھی۔ کمرہ اس قدر تاریک تھا کہ میں الطاف حسین سے ٹکراتے ٹکراتے بچی۔ قدم پیچھے ہٹاتے ہوئے میں نے پوچھا۔ میں واش روم جا سکتی ہوں؟ انہوں نے چٹکی بجا کر اشارہ کیا اور میں ایک طرف ہٹ کر برآمدے میں چلتی ہوئی ایک دروازے میں داخل ہوئی۔ اس پر ٹائلٹ لکھا ہوا تھا۔ فرش پوری طرح گیلا اور گندا تھا۔ میں واپس لاؤنج میں آئی اور خاموشی سے پروفیسر غفور احمد کے ساتھ پڑی خالی کرسی پر بیٹھ گئی۔

یہ وہ دور تھا جب جماعت اسلامی اور ایم کیو ایم مہذب انداز میں چل رہی تھیں۔ الطاف حسین نے ایک چپڑاسی بھیج کر پوچھا۔ کیا مجھے ٹائلٹ مل گیا ہے؟ مجھے ان کے چٹکی بجانے اور لوگوں کو مختلف احکامات دینے کی استعداد پر حیرت ہو رہی تھی۔ میں ایک بڑی زمیندار ہوں۔ لیکن میں اپنے گاؤں شاہ جیونہ میں بھی اس طریقے سے کچھ نہیں کر سکتی تھی۔ میں نے چپڑاسی کو بتایا کہ ٹائلٹ گندا اور ناقابل استعمال تھا۔ اس نے الطاف حسین کو یہ اطلاع دی تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ انہوں نے اونچی آواز میں عمران فاروق (قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے سربراہ) اور عظیم طارق کو حکم دیا کہ وہ اور عظیم طارق جا کر ٹائلٹ کو ٹھیک طریقے سے صاف کریں تاکہ "بہن" اسے استعمال کر سکے۔ کوئی دس منٹ سے ہی کم وقت میں عظیم طارق ادب کے ساتھ مجھے کمرے سے باہر اسی ٹائلٹ کی طرف لے گئے جواب بے داغ فرش اور کسی بدبو کے بغیر خشک تھا۔ میں نہایت ہلکی پھلکی ہو کر اپنے ساتھیوں کے پاس آ گئی۔ جب عظیم طارق اور عمران فاروق قتل ہوئے تو مجھے اس حیرت انگیز دوپہر کی بہت یاد آئی"۔

کالم نگار کی رائے میں یہ فعل مغل دربار میں کئے جانے والے سجدہ تعظیمی کی انتہائی شکل تھی۔ آپ اسے ایک نام نہاد جمہوری معاشرے میں جماعتی کی بجائے شخصی وفاداری کی ایک بھونڈی مثال بھی کہہ سکتے ہیں۔ لیکن کیا کیا جائے۔ عام طور پر ان سیاسی خداؤں کی نافرمانی کا نتیجہ انتخابی ٹکٹ سے محرومی کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ سندھ سے جسٹس غوث علی شاہ نواز شریف کے پیارے تھے۔ سندھ مسلم لیگ کی صدارت، گورنری اور پنجاب سے قومی اسمبلی کی ممبری، انہیں یہ سب کچھ ملا۔ لیکن نازک مزاج شاہاں تاب سخن ندارد۔ جب یہ معتوب ہوئے تو ملاقات کا وقت بھی نہ مل سکا۔ ان کا قصور بادشاہوں کے حضور غیر محتاط اور بے تکلفانہ گفتگو تھا۔ جب "بادشاہ سلامت" کی جدہ محل سے واپسی ہوئی تو جسٹس غوث علی شاہ انہیں ہنستے ہوئے کہنے لگے۔ ہمیں بھی ساتھ لئے جاتے۔ اگر جہاز میں کوئی سیٹ خالی نہ تھی تو ہمارا کیا ہے، ہم نے جہاز کے فرش پر بیٹھ جانا تھا۔ "بادشاہ سلامت" کو یہ طرز کلام پسند نہ آیا۔ اس کے بعد یہ مردود ٹھہرائے گئے۔ زمانہ معلوم ہے خان غلام دستگیر خان گوجرانوالہ حکومتی سیاست کے میر کارواں رہے ہیں۔ اتنی لمبی اننگ حکمرانوں کی مزاج شناسی کے بغیر ممکن نہیں۔ وزیر آباد کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ 2011ء میں مکمل ہو چکا تھا۔ جدید ترین مشینری 7/8 برس ڈبہ بند بیکار پڑی رہی کہ میاں نواز شریف فیملی کو ہسپتال کا نام پرویز الٰہی انسٹیٹیوٹ برداشت نہ تھا۔ جہلم، منڈی بہاؤالدین تک سے دل کے مریض اس ہسپتال کی عمارت کے پاس سے تڑپتے، پھڑکتے، مرتے گزرتے رہے۔ میاں نواز شریف فیملی سے بزرگانہ تعلقات کے باوجود خان غلام دستگیر خان نے اس ہسپتال کے کھولے جانے کا کبھی مطالبہ نہ کیا۔ حکمرانوں کے مزاج شناس خاں صاحب سے بہتر کون جانتا ہے کہ حکمرانوں کے حضور کیا کہنا ہے اور کیا نہیں کہنا۔ 2018ء میں عبوری وزیراعلیٰ پنجاب سید حسن عسکری کے ہاتھوں اس خطہ کے دل کے مریضوں کی قسمت کھلی اور ہسپتال کھل گیا۔ کالم تمام ہوا۔ درویش علامہ اقبال کے اس شعر پر لباغور کریں:

کسے نہیں ہے تمنائے سروری لیکن
خودی کی موت ہو جس میں وہ سروری کیا ہے

## سیاحت کے فروغ سے امن

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں بہت سے انقلابی اقدامات کر رہی ہیں جن میں سے ایک سیاحت کا فروغ بھی ہے۔ اسی سلسلے میں ہائی برڈ ڈبل ڈیکر بسوں کا باضابطہ افتتاح کیا گیا ہے۔ خبروں کے مطابق لاہور کے بعد اگلے مرحلے میں بہاولپور، راولپنڈی، ملتان اور فیصل آباد میں بھی سیاحت کیلئے ڈبل ڈیکر بس سروس شروع کی جائے گی۔ اس سے یقینی طور پنجاب بھر میں سیاحت کو فروغ ملے گا۔ لوگوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ملکی زرمبادلہ میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ بہت ضروری ہے کہ ایسی جدید ڈبل ڈیکر بسیں پبلک ٹرانسپورٹ میں بھی شامل کی جائیں تاکہ عوام کو سستی اور معیاری سفری سہولت میسر آ سکے۔ انکے اجراء سے نہ صرف سڑکوں پر ٹریفک کے دباؤ کو کم کیا جاسکے گا بلکہ ان سے فضائی آلودگی کو بھی کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس وقت پنجاب کے مختلف شہروں میں میٹرو بس اور اورنج ٹرین کے ذریعے روزانہ لاکھوں لوگ سفری سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں جس کا کریڈٹ یقیناً مسلم لیگ (ن) کو جاتا ہے۔ حالانکہ گوجرانوالہ ملک کے دس بڑے شہروں میں سے ہے لیکن پتہ نہیں کیوں وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز اور ان کے مشیر، تعلیم، صحت، پبلک ٹرانسپورٹ کی فراہمی اور دوسرے منصوبوں کی شروعات کے وقت گوجرانوالہ کو بھول جاتے ہیں۔ اب اگر وزیراعلیٰ پنجاب پورے صوبے خاص طور پر لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ، ملتان، بہاولپور جیسے بڑے شہروں ترجیحی بنیادوں پر ہائی برڈ پبلک ٹرانسپورٹ سروس شروع کرتی ہے تو اس سے نہ صرف عوام کو فضائی آلودگی سے نجات ملے گی بلکہ لوگوں کو سفری سہولتوں میں بھی آسانی رہے گی اور طلباء و طالبات اور خواتین محفوظ سفر کر سکیں گی۔ سیکرٹری انڈسٹریز احسان بھٹہ کی قیادت میں سیاحت کے عالمی دن کی مناسبت سے ایک تقریب پونچھ ہاؤس لاہور میں منعقد کی گئی۔ جس کا سلوگن سیاحت سے امن تھا۔ احسان بھٹہ صاحب پنجاب کی تاریخی عمارتوں کو ان کی اصل حالت میں بحال کرنے کے لیے پر جوش ہیں۔ پنجاب حکومت کی ایسی کوششوں سے یقینی طور پر صوبے میں سیاحت کو فروغ ملے گا۔ اگر دیکھا جائے تو پاکستان میں سیاحت کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ یہ ملک قدرتی خوبصورتی، تاریخی ورثے، ثقافتی تنوع اور متنوع موسموں کی سرزمین ہے۔ پنجاب میں مغلیہ دور کی تعمیرات بھی سیاحوں کے لیے خاص دلچسپی کا باعث ہیں۔ لاہور کا شاہی قلعہ، بادشاہی مسجد، شالامار باغ، مسجد وزیر خاں، شاہی حمام، ہرن مینار شیخوپورہ اور جہانگیر کا مقبرہ فن تعمیر کے شاہکار ہیں۔ صحرائے تھر اپنی مخصوص ثقافت، روایات، اور میلوں کے لیے مشہور ہے۔ چولستان میں واقع دراوڑ کا قلعہ ایک اہم تاریخی مقام ہے، جہاں ہر سال چولستان جیپ ریلی کا انعقاد ہوتا ہے، جو ملک بھر سے ایڈونچر کے شوقین افراد کو کھینچ لاتا ہے۔ پنجاب مذہبی سیاحت کے حوالے سے بھی ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ یہاں ہندو، سکھ، بدھ مت اور دیگر مذاہب کے مقدس مقامات موجود ہیں۔ ہندو مذہب کے پیروکاروں کے لیے کٹاس راج مندر اور ہنگلاج ماتا مندر اہم زیارت گاہیں ہیں۔ سکھ مذہب کے پیروکار ننکانہ صاحب، کرتارپور، اور پنجہ صاحب جیسے مقدس مقامات کی زیارت کے لیے پاکستان کا رخ کرتے ہیں۔ ٹیکسلا میں بدھ مت کے آثار میں موجود ہیں، جو بدھ مت کے پیروکاروں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ یہ آثار نہ صرف مذہبی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ تاریخی اور ثقافتی اہمیت کے حامل بھی ہیں۔ پاکستان کی سرزمین پر ہزاروں سال پرانی تہذیبوں کے آثار موجود ہیں۔ قدرتی مناظر، تاریخی ورثہ، ثقافتی تنوع اور مذہبی مقامات کی موجودگی دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے دلچسپی کا ساماں لیے ہوئے ہیں۔ شمالی علاقہ جات کی خوبصورتی پاکستان کے شمالی علاقے، خاص طور پر گلگت بلتستان، خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر، دنیا کے بہترین سیاحتی مقامات میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ علاقے دنیا کے سب سے بلند پہاڑوں، سرسبز وادیوں اور خوبصورت جھیلوں کے لیے مشہور ہیں۔ یہاں کے اہم سیاحتی مقامات میں ہنزہ، نلتر، سکردو، سوئی نالا، ناران، کاغان اور وادی نیلم شامل ہیں۔ ہمالیہ، قراقرم اور ہندوکش کے پہاڑی سلسلے ان علاقوں کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔ گلگت بلتستان میں واقع قراقرم ہائی وے، دنیا کی بلند ترین سڑکوں میں سے ایک ہے جو چین اور پاکستان کو جوڑتی ہے۔ اس کے علاوہ، کنکورڈیا، جسے دنیا کا خوبصورت ترین مقام کہا جاتا ہے، کے ٹو، نانگا پربت اور دیگر بلند چوٹیوں کے قریب واقع، یہ مقامات کوہ پیما اور ایڈونچر کے شوقین افراد کے لیے جنت ہے۔

اگرچہ پاکستان میں سیاحت کے بے پناہ امکانات موجود ہیں، لیکن اس صنعت کو درپیش چیلنجز بھی اپنی جگہ موجود ہیں۔ بنیادی ڈھانچے کی کمی، سیکیورٹی خدشات، اور سیاحتی مقامات پر صفائی اور محفوظ رہائش جیسے مسائل سیاحتی صنعت کی ترقی میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ تاہم، حالیہ برسوں میں حکومت نے ان مسائل کے حل کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، جن میں بہتر سڑکوں کی تعمیر، ہوٹلنگ کے شعبے کی ترقی، اور سیاحتی مقامات پر سیکیورٹی کے بہتر انتظامات شامل ہیں۔ خاص طور پر ویزا پالیسی میں نرمی اور آن لائن ویزا سہولت کا آغاز بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد میں اضافہ کا سبب بن سکتا ہے۔ حکومت کو جہاں سیاحت کے امکانات پیدا کرنے ہیں وہیں سیاحوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے لوگوں کی اخلاقی تربیت پر بھی خاص دھیان دینا ہوگا۔ احترام، دیانتداری، محنت، اور سچائی جیسے اصول لوگوں کی شخصیت کو مضبوط اور قابل احترام بناتے ہیں۔ جس سے اعتماد پیدا ہوتا ہے، رشتے مضبوط ہوتے ہیں اور سیاحت فروغ پاتی ہے۔

## پھلوں کا سلاد عمر بڑھنے سے وابستہ ایک قدرتی اینٹی ڈپریسنٹ، روزانہ تین بار کھانا ہوگا

دبئی (سی ایم لنکس) یہ محاورہ تو اکثر سنا جاتا ہے کہ روزانہ ایک سیب ڈاکٹر سے دور رکھتا ہے۔ ایک نئی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ پھلوں کا سلاد کھانے سے اور بھی زیادہ فوائد مل سکتے ہیں، پھلوں کا سلاد آپ کی عمر کے ساتھ ساتھ ڈپریشن کی علامات کے پیدا ہونے کے خطرے کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے۔ تازہ ترین مطالعہ یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ کسی بھی غذا میں پھلوں کو شامل کرنے کے طویل مدتی اور وسیع پیمانے پر صحت کے فوائد ہیں۔۔۔ درمیانی عمر میں پھل۔۔۔ نیو اٹلس ویب سائٹ کی طرف سے شائع ہونے والے نیوٹریشن، ہیلتھ اینڈ ایجنگ کے مطابق، سنگاپور یونیورسٹی کے محققین نے تقریباً دو دہائیوں کے دوران 13,738 شرکا کے ڈیٹا کا جائزہ لیا اور دریافت کیا کہ جو لوگ روزانہ تقریباً تین سرونگ پھل کھاتے ہیں۔ درمیانی عمر کے دوران ان میں ڈپریشن کی علامات پیدا ہونے کا خطرہ 21 فیصد کم تھا بعد کے سالوں میں۔ ان علامات میں نہ صرف ڈپریشن، بلکہ علمی افعال میں تاخیر، بے خوابی، کمزور ارتکاز اور بڑھتی ہوئی تھکاوٹ بھی شامل تھی۔۔۔ 21 فیصد کم خطرہ۔۔۔ مطالعے کے نتائج عمر سے متعلق ڈپریشن کے خلاف ایک حفاظتی اقدام کے طور پر پھل کھانے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ سرکردہ محقق وان پوئی کوہ، جو نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور میں میڈیسن کے پروفیسر ہیں، نے کہا کہ مطالعہ کے وہ شرکا جنہوں نے روزانہ پھلوں کو کم از کم تین مرتبہ کھایا تھا ان لوگوں کے مقابلے میں جنہوں نے روزانہ ایک سرونگ سے کم کھایا ڈپریشن کے امکانات کو 21 فیصد تک کم کرنے میں کامیاب رہے۔۔۔ پھلوں کی فہرست بین الاقوامی۔۔۔ یہ مطالعہ سنگاپور میں کیا گیا تھا۔ اس مطالعہ میں شامل 14 سب سے زیادہ کھائے جانے والے پھلوں میں سے بہت سے بین الاقوامی ہیں۔ ان پھلوں میں تربوز، نارنجی، ٹینجرین، کیلے اور سیب شامل ہیں۔ ایک سرونگ کو عام طور پر درمیانے سائز کا سیب، ایک کپ سٹرابیری، یا دوسرے پھلوں کے مساوی سمجھا جاتا ہے۔ یہ مثبت نتائج ہر کھانے کے بعد پھلوں کی ایک یا دو سرونگ کھا کر حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

# SPORTS سپورٹس

## پاک انگلینڈ ٹیسٹ سیریز: ٹکٹوں کی فروخت کا شیڈول جاری کردیا گیا

## پاکستان سے میچ کھیلوں یا شادی کروں؟ اولی اسٹون پریشان

### شادی کی وجہ سے کوشش کروں گا کہ دوسرے ٹیسٹ سے ملتان میں ٹیم کو جوائن کروں

## سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ کا آغاز ہوگیا

### 18 ہفتوں پر مشتمل لیگ کے تحت 90 میچز کھیلے جائیں گے

## شارلس ول اوپن سکواش ٹورنامنٹ، عاصم خان نے فائنل میں جگہ بنالی

### عاصم پہلے ہی وائلڈ کارڈ چیلنجر اور سکواش انسپائر چیلنجر جیت کر 2 ٹائٹل جیت چکے ہیں

## فاسٹ باؤلر علی رضا نے چیمپئن کپ میں سب کو متاثر کیا، سلمان بٹ



## شکیب کا ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ کیریئر کو خیرباد کہنے کا خواب ادھورا رہ جانے کا امکان

### اگلے سال پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی ان کا آخری ون ڈے ٹورنامنٹ ہوگا

# SHOWBIZ شوبز

## بھول بھلیاں 3 کی ریلیز کی تاریخ سامنے آ گئی

### یکم نومبر کو دیوالی کے موقع روح بابا اور مونجولیکا کا مقابلہ ہوگا، اداکار کارتک آریان



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف ہارر کامیڈی فلم بھول بھلیاں کا تیسرا سیکویل دیوالی کے موقع پر ریلیز کیا جائے گا۔ فلم میں مرکزی کردار نبھانے والے اداکار کارتک آریان نے بھول بھلیاں تھری کا پہلا ٹیزر جاری کرتے ہوئے اپنے چاہنے والوں کو دیوالی کا تحفہ بھی دے دیا۔ انہوں نے بتایا کہ یکم نومبر کو دیوالی کے موقع روح بابا اور مونجولیکا کا مقابلہ ہوگا۔ واضح رہے کہ فلم بھول بھلیاں 3 میں کارتک آریان، ترپتی ڈمری، مادھوری ڈکشٹ اور ودیا بالن مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔

## اشنا شاہ کا ذہنی بیماری میں مبتلا ہونے کا انکشاف

### پراسوپیگنوسیا یا چہرے کے اندھے پن کا شکار ہوں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اشنا شاہ نے ذہنی بیماری میں مبتلا ہونے کا انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو کبھی مذاق ہوا کرتا تھا آج ... پہچاننے کی ان کی صلاحیت متاثر ہو رہی ہے۔ اداکارہ نے لکھا کہ میں آپ لوگوں کی توجہ پراسوپیگنوسیا یا چہرے کے اندھے پن کی جانب ...

## مہوش حیات کی یورپ میں سیر و تفریح کی تصاویر وائرل

### مہوش حیات کو ایک اور تصویر میں کبوتروں کو دانا کھلاتے دیکھا جا سکتا ہے

## تعلق زہریلا ہوجائے تو نبھانا ضروری نہیں: محب مرزا

### ہمارے معاشرے میں تقریباً ہر انسان کسی نہ کسی صدمے کا شکار ہوتا ہے

## مہیش بھٹ نے میرا گانا کاپی کرنے پر معافی مانگی، وارث بیگ

## لائبہ خان کا شادی کی خاطر شوبز کو خیرباد کہنے کا عندیہ

### میں شادی کرکے زندگی آباد کرنا چاہتی ہوں، اس وجہ سے شوبز بھی چھوڑ سکتی ہوں

## ڈپریشن کا روحانی علاج کافی نہیں، دوا بھی ضروری ہے، مجیبہ جبار خٹک

### شفاء کے لیے اللہ نے ذرائع مہیا کیے ہیں ان کو نظرانداز کرنا غلط ہے

# آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 01 اکتوبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 01 اکتوبر 2024، صبح 08:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، سہالہ کالج، صبح 07:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک، طارق شہید فیڈر، صبح 08:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، گولڑہ، علی مارکیٹ، بوستان روڈ اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

# کریلا: وزن میں کمی کیلئے انتہائی مفید سبزی

کراچی (سی ایم لنکس) موسم گرما کی سبزیوں میں کریلا خصوصی اہمیت کا حامل ہے، اس موسم میں ہمارے جسم میں نمکیات کی کمی ہوجاتی ہے کریلا اس کمی کو پورا کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کڑوی سبزیاں اور جڑی بوٹیاں جیسے نیم، میتھی کے بیج کھانے سے کسی بھی انفیکشن کو روکنے اور قوت مدافعت بڑھانے میں مدد مل سکتی ہے۔ کریلا کھانوں کے ساتھ ساتھ ادویات میں بھی استعمال ہوتا ہے، قوت مدافعت بڑھاتا ہے، برسات کے موسم میں عام طور پر انفیکشن کے زیادہ ہونے کے امکانات ہوتے ہیں۔ کڑوے ذائقے کی وجہ سے یہ انفیکشن کو کم کرتا ہے اور میٹابولزم کا توازن برقرار رکھتا ہے۔ کریلے کی دو قسمیں مشہور ہیں ایک وہ جو کاشت ہوتی ہے، یہ بڑا کریلا کہلاتا ہے جو موسم گرما کی پیداوار ہے یہ کڑوا ہوتا ہے جبکہ دوسری قسم جو خودرو اور جنگلی ہوتی ہے گکوڑہ کہلاتی ہے یہ عموماً موسم برسات میں ہوتی ہے اور خوش ذائقہ بھی ہوتی ہے۔ یہ سبزی صرف ذائقہ دار ہی نہیں ہوتی بلکہ اپنے اندر ایسی صفات رکھتی ہے جس سے انسانی جسم پر اچھے اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں، موسم گرما میں مشروبات اور ٹھنڈے پانی کے بکثرت استعمال سے معدے کی رطوبت کمزور پڑ جاتی ہے۔ کریلا اس کے لئے موثر غذائی و دوائی افادیت کا حامل ہے 100 سے لیکر 250 گرام تک سالم کریلے کوٹ کر ان کا پانی دو تین ہفتے استعمال کرنے سے معدے کا فعل درست ہوجاتا ہے قبض کشا ہونے کے سبب کریلا انسانی جسم سے ہر قسم کے زہروں اور رکے ہوئے فاسد مادوں کو بتدریج خارج کرتا ہے۔ موسم گرما میں کئی امراض وبائی صورت اختیار کرجاتے ہیں ہیضہ ان میں سے ایک ہے ہیضے کے ابتدائی مراحل میں کریلے پتوں اور پیاز کا جوس دو چائے کے چمچے اور ایک چائے کا چمچہ لیموں کا رس ملا کر پینا مفید ہے۔۔۔ کریلے کا پانی۔۔۔ جگر کے تمام امراض میں کریلوں کا پانی مفید ہے یرقان کے لئے کریلا بہت فائدہ مند ہے جگر کی خرابی کے سبب استقاء کا مرض ہو تو تازہ کریلے کے لئے 7 تولہ رس میں 2 تولہ شہد ملا کر روزانہ پینا مفید ہے گیس اور معدے کی خرابی کے مریضوں کے لئے ایک چھٹانک سے 5 چھٹانک تک کریلے رات کو باہر رکھ کر صبح چھلکوں اور بیج سمیت پانی نکال کر پینا مفید ہے یہ شوگر کے لئے بھی مفید ہے کیونکہ کریلے سے لبلبہ کی اصلاح ہوتی ہے۔۔۔ وزن میں کمی کیلئے۔۔۔ اگر آپ واقعی وزن کم کرنا چاہتے ہیں یا اپنی صحت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں تو اپنی روزمرہ کی خوراک میں اس غذائیت سے بھرپور سبزی کو شامل کریں یہ آپ کے جسم کے وزن میں کمی کے لیے حیرت انگیز کام کرسکتا ہے۔۔۔ کریلے کا جوس۔۔۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ کریلے کا جوس پینا جو کہ ذیابیطس کے مریضوں کے لیے ایک ضروری ٹانک بھی ہے، یہ آپ کے پیٹ کی چربی جلانے اور تیزی سے وزن کم کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔ ایک تحقیق میں بتایا گیا کہ کریلے کا عرق انسانی چربی کے خلیات کو ایکٹو کرنے میں مدد کرتا ہے اور نئے چربی کے خلیات کی تشکیل اور نشوونما میں بھی رکاوٹ بنتا ہے۔

# دار چینی اور کالی مرچ کی چائے خون میں شکر کم کرنے کا نسخہ

دبئی (سی ایم لنکس) قدیم زمانے سے مصالحوں کو ان کے طاقتور صحت کے فوائد کے لیے کھانوں، ادویات اور گھریلو علاج میں بڑے پیمانے پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ صحت اور تندرستی سے متعلق آگاہی میں اضافے کے ساتھ لوگوں نے صحت اور قوت مدافعت کو بڑھانے کے لیے آہستہ آہستہ بنیادی باتوں پر واپس جانا شروع کردیا ہے۔ ٹائمز آف انڈیا کی طرف سے شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق دار چینی اور کالی مرچ کو چائے میں شامل کرنے سے ذیابیطس کے انتظام کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ حالیہ برسوں میں دار چینی اور کالی مرچ جیسے مصالحہ جات کے استعمال نے مختلف کھانوں کے استعمال میں ان کے ذائقے کو بڑھانے والی خصوصیات کے ساتھ ساتھ ان کے ممکنہ صحت کے فوائد کے لیے بھی توجہ حاصل کی ہے۔ دلچسپی کا ایک شعبہ ان کا بلڈ شوگر پر اثر بھی ہے خاص طور پر جب انہیں چائے جیسے مشروبات میں شامل کیا جائے۔۔۔ دار چینی کی اہمیت۔۔۔ دار چینی ایک میٹھا اور گرم مسالا ہے جس میں cinnamic اور cinnamaldehyde acid جیسے بایو ایکٹیو مرکبات ہوتے ہیں۔ ان کا بلڈ شوگر کی سطح پر ممکنہ اثرات کے لیے مطالعہ کیا گیا ہے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ دار چینی انسولین کی حساسیت کو بہتر بنا سکتی ہے جس سے خلیات خون سے گلوکوز کو بہتر طریقے سے جذب کرسکتے ہیں۔ یہ خون میں شکر کی سطح کو بہتر طریقے سے کنٹرول کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ یہ خاص طور پر انسولین کی مزاحمت یا ذیابیطس والے افراد کے لیے فائدہ مند ہے۔ چائے میں شامل کیا جائے تو دار چینی ایک راحت بخش ذائقہ فراہم کرتی ہے۔

---

منظور کرلی۔ سندھ ہائی کورٹ میں کارساز میں پیش آنے والے حادثے میں ملوث مرکزی ملزمہ کی جانب سے انسداد منشیات کے مقدمے میں ضمانت کے لیے دائر کی گئی درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے 10 لاکھ روپوں کے مچلکے جمع کروانے کے عوض ملزمہ کی درخواست منظور کر لی۔ یاد رہے کہ کراچی کے علاقے کارساز میں پیش آنے والے حادثے کے کیس میں فریقین میں ...

دوسری یونیورسٹی کے ذریعے دوبارہ انعقاد کیا جائے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے اور اس مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے جنہوں نے طلباء کا مستقبل داؤ پر لگایا ہے اس کی مکمل انکوائری کرکے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو میڈیکل یونیورسٹی اور پی ایم ڈی سی کا مافیا اتنا بااثر ہے کہ اسلام آباد پریس کلب میں ہمیں پریس کانفرنس نہیں کرنے دی گئی ...

## بقیہ 1

دعا کی گئی۔ اس موقع پر صحافت، فن، سیاسی، سماجی مختلف مکتبہ فکر سے وابستہ شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جن میں مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ڈویژنل صدر نعیم پاشا، مسز ممتاز ملک، ملیحہ آپا، محمودہ قمر، گلفرین، لائن کلبز کی صدر نگینہ، اسلم مغل، شکیل اعوان، ناصر اسلم راجہ، عامر سجاد سید، عابد عباسی، رحمان، امجد، رئیس احمد خان، انجم حبیبہ، طاہر صدیقی، شیبا بٹ، ذوالقرنین حیدر، جھلک علی، انجم عباسی، ارشد خان، سویرا شہزادی، سعدیہ بتول، ودیگر شامل تھے۔ عاصمہ بٹ نے کہا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ "جس نے میری سنت سے محبت کی، اس نے مجھ سے محبت کی، اور جس نے مجھ سے محبت کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا"۔ لہذا کامیاب زندگی کی ضمانت سنت رسول پر عمل پیرا ہونے میں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام تہواروں میں عظیم تہوار عید میلاد النبی کا ہے۔ درود پاک کی محفل سجانا ہماری خوش قسمتی ہے۔ آپ دو جہانوں کے لیے رحمت بن کر آئے۔ عید میلاد النبی کے اختتام پر کھانے کا خاص اہتمام کیا گیا۔

## بقیہ 2

کہ غلام حیدر وائیں نے سیاسی کیریئر میں میرا کافی ساتھ دیا، ضیاالحق اس وقت صدر پاکستان تھے، میں اس آمریت کے خلاف تھا، وائیں صاحب کو جن ...

کہا کہ تنازع جب آئینی ادارے سے متعلق ہو تو محتاط رویہ اپنانا چاہیے، لاہور ہائیکورٹ کی سنگل بنچ کا فیصلہ بطور عدالتی نظیر بھی پیش نہیں کیا جاسکتا۔

## بقیہ 10

وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی قیادت میں خیبر پختونخوا سے نکلنے والا قافلہ احتجاج کرتا رہا، راولپنڈی میں پی ٹی آئی کے کارکن ڈٹے رہے اور احتجاج کرتے رہے، 28 ستمبر کو راولپنڈی کے احتجاج پر عوام کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز، ایم پی ایز، ایم این ایز سمیت جو بھی راولپنڈی پہنچا ان کا شکریہ۔

## بقیہ 11

بار یرغمال بن چکے ہیں اور لڑائی جھگڑے کے واقعات بھی پیش آئے ہیں، جس کی وجہ سے وہ خود کو مکمل طور پر غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ لاہور کے 9 زونز کے زونل آفیسرز) زیڈ او پی (نے واضح انتباہ جاری کیا ہے کہ جب تک پولیس کی مناسب نفری فراہم نہیں کی جاتی، وہ آپریشنز جاری رکھنے سے قاصر ہیں۔ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کے دوران پولیس کی عدم موجودگی سے صورتحال سنگین ہوجاتی ہے، جس سے افسران اور عملہ غیر محفوظ ہوجاتے ہیں۔

## بقیہ 12

# نبی پاک رحمتہ للعالمین میں ان کا امتی ہونے پر فخر ہے، عاصمہ بٹ

تمام تہواروں میں عظیم تہوار عید میلاد النبی کا ہے۔ درود پاک کی محفل سجانا ہماری خوش قسمتی ہے، چیئرپرسن ڈولفن کیویکیشن

## عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقدہ بابرکت محفل کا انعقاد

راولپنڈی(یو پی آئی) معروف ہدایت کارہ، معضلہ اور ڈولفن کیویکیشن کی چیئرپرسن عاصمہ بٹ نے کہا کہ نبی پاک رحمتہ اللعالمین ہیں۔ ان کا امتی ہونے پر فخر ہے۔ جس نے نبی پاک کی سنت اپنائی، وہ دنیا و آخرت میں سرخرو ہوا۔ انھوں نے یہ بات عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں منعقدہ بابرکت محفل کے دوران کہی۔ اس موقع پر قرآن خوانی کی گئی، سلمہ گروپ کی جانب سے ہدیہ نعت کلام پیش کیا گیا، اور اختتام پر امت مسلمہ پاکستان کی سلامتی اور ہر شعبہ سے وابستہ افراد کے لیے اجتماعی (بقیہ نمبر 1)

## میں نواز شریف کی گڈ بک میں نہیں تھا: سعد رفیق

### میں ان خوش قسمتوں میں سے ہوں جسے وائیس صاحب سے ڈانٹ نہیں پڑی

لاہور(آئی آئی پی) مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ میں نواز شریف کی گڈ بک میں نہیں تھا لیکن وائیس صاحب کو پیارا تھا۔ سابق وزیر داخلی پنجاب غلام حیدر وائیں کی پوتی۔ انہوں نے کہا(بقیہ نمبر 2)

لاہور: خاندیش خاتون نیوں میں کپڑے دھو رہی ہے

## ملک امان اللہ کے پوتے ملک وقار فیض کو بائیکوٹ کا لائسنس مل گیا

### سینئر وکلاء حضرات سمیت حلقہ احباب نے مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

گوجرخان (فرخزاد) ملک وقار فیض نے پنجاب بار کونسل لاہور ہائی کورٹ کا لائسنس حاصل کر لیا گوجرخان یونین کونسل کلیام اعوان کی ممتاز شخصیت ملک امان اللہ کے پوتے بلدیہ گوجرخان کے سینئر کمشنر ملک فیض اللہ کے صاحبزادے ملک وقار فیض نے پنجاب بار کونسل سے باقی کورٹ کا لائسنس حاصل کر لیا جس پر گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے سینئر (بقیہ نمبر 5)

## کمیٹی میں 3 جج صاحبان کا بیٹھنا ضروری ہے، بیرسٹر علی ظفر

### کمیٹی میں 2 ممبرز رہ جائیں تو ہماری نظر میں وہ کمیٹی فیصلہ نہیں کر سکتی

اسلام آباد(آئی آئی پی) تحریک انصاف کے سینئر بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ حال ہی میں ایک کمیٹی بنائی گئی، کمیٹی بھی کمیٹیز ہی ہیں ان میں 3 جج صاحبان کا بیٹھنا ضروری ہے، کمیٹی میں 2 ممبرز رہ جائیں تو ہماری نظر میں وہ کمیٹی فیصلہ نہیں کر سکتی۔ بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سیاست میں بارس ریڈیگ عام ہے ایک کیمپ تھا، ہارلیمنٹ کے منتخب (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی۔ آل پاکستان پرائیویٹ سکولز اینڈ کالجز ایسوسی ایشن تحصیل کلر سیداں کے زیر اہتمام سیرت النبی پر تقریری مقابلہ کے موقع پر مہمان خصوصی ڈپٹی ڈی ای او کلر سیداں ڈاؤد اختر کیانی، ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریشن سلطنت زمان کے ساتھ گروپ فوٹو۔

## جی ایم اوزکی اقلیت متعلق غلط فہمیاں دور کرنا ضروری ہے، رانا تنویر

### سویلین کو تحقیق کے دائرے میں شامل کر کے اس کی سائنسی اقلیت کو تسلیم کیا جائے، ڈاکٹر عابد

### موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ان فصلوں کو اپنانا ہوگا، گول میز کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد(پی آئی) وفاقی وزیر برائے قومی تحفظ خوراک و تحقیق، رانا تنویر حسین نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ جی ایم اوز کی درآمد اور استعمال کے بارے میں تمام متعلقہ وزارتوں کو ایک متفقہ فیصلے پر لانے کیلئے باقاعدہ کمیٹی بنائی جائے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایک گول میز کانفرنس میں کیا جس میں مقررین نے جینیاتی طور پر تبدیل شدہ (بقیہ نمبر 8)

## پنجاب میں الیکشن ٹریبونلز پر دائر اپیل پر فیصلہ سنا دیا گیا

### چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کیس کا فیصلہ پڑھ کر سنایا

اسلام آباد(آئی آئی پی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب میں الیکشن ٹریبونلز پر دائر اپیل پر فیصلہ سنا دیا۔ سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کی اپیل منظور کر لی اور لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا، سپریم کورٹ نے لاہور (بقیہ نمبر 9)

## پاکستان تحریک انصاف نے احتجاج کی کال دے دی

### اگلا پرامن احتجاج 2 اکتوبر کو میانوالی، فیصل آباد اور ملتان میں ہوگا

اسلام آباد(آئی آئی پی) پی ٹی آئی نے 3 شہروں میں احتجاج کی کال دے دی۔ رہ تحاریں پی ٹی آئی اور کر کی قومی اسمبلی شیخ وقاص اکرم کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اگلا پرامن احتجاج 2 اکتوبر کو میانوالی، فیصل آباد اور ملتان میں ہوگا جو کہ عدیل کی آزادی، پی ٹی آئی کی رہائی اور مہنگائی کیخلاف ہوگا۔ شیخ وقاص اکرم کا کہنا تھا کہ ہر کارکن تینوں شہروں میں گھروں سے باہر نکلیں اور احتجاج میں بھرپور حصہ لیں۔ ان کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 10)

## غیر قانونی تعمیرات کیخلاف جاری آپریشن، بحران کا شکار

### کے دوران آپریشن وہ متعدد بار یرغمال بن چکے ہیں، ایم سی ایل افسران ف

لاہور(آئی آئی پی) صوبائی دارالحکومت میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف جاری آپریشن ایک بحران کا شکار ہو گیا ہے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور (ایم سی ایل (کے شعبہ دوران آپریشن وہ متعدد (بقیہ نمبر 1)

ایم پی ای کیٹ کے نتائج پر اعتراضات اٹھانے والے طلبہ مرکزی ایوان صحافت میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## چنگا بنگیال کا پٹواری چوہدری جمیل عوام کو خوار کرنے لگا

### دفتر کو تالا لگا کر اپنے گھر میں نیند کے مزے لینے لگا، کارروائی کا مطالبہ

گوجرخان (فرخزاد) تحصیل گوجرخان سرکل چنگا بنگیال کا پٹواری چوہدری جمیل عوام کو ذلیل وخوار کرنے لگا، دفتر کو تالا لگا کر اپنے گھر میں نیند کے مزے لینے لگا جبکہ عوام سارا دن دفتر کے چکر لگاتا کرڈیل وخوار ہو رہے ہیں تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجر خان سرکل چنگا بنگیال کا پٹواری چوہدری جمیل وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی دفتر میں روزے افطار کرنے لگا (بقیہ نمبر 2)

## کندھ کوٹ میں امن وامان کی بحالی کے لیے مشعل بردار ریلی

### ریلی میں سیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں اور ہندو برادری کے لوگوں نے شرکت کی

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ امن امان کے مقدمے میں صوبائی وزیر داخلہ سندھ ضیاء لنجار کے آنے چوری لوٹ مار ڈکیتی کے خلاف آج مشعل بردار ریلی نکالی گئی جو کہ کندھ کوٹ کے مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی سلطان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت میں فلسطینی عوام کے لیے ماہانہ مالی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی جانب سے اس (بقیہ نمبر 3)

## اسرائیل کے لبنان پر وحشیانہ فضائی حملے، 105 افراد شہید

بیروت (آئی آئی پی) اسرائیل کی لبنان کے مختلف علاقوں میں فضائی سفاکیت جاری ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حملوں میں شہید ہونے والوں کی تعداد 105 ہوگئی۔ لبنانی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لبنان کی وادی البقاع اور میں الدلب سمیت دیگر علاقوں میں اسرائیل بمباری سے 359 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل کے مختلف شہروں پر حملوں میں فرانسیسی شہری ہلاک (بقیہ نمبر 4)

## سرگودھا میں طالبہ سے زیادتی کے الزام میں سب انسپکٹر گرفتار

سرگودھا (آئی آئی پی) سرگودھا میں طالبہ سے زیادتی کے کیس میں سب انسپکٹر کو گرفتار کر کے معطل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور اس کے ساتھی کانسٹیبل کے خلاف طالبہ سے زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جس کے بعد پولیس نے سب انسپکٹر کو گرفتار کر کے معطل کر دیا اور تھانہ کا روائی شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کا ترجمان (بقیہ نمبر 6)

لاہور: ڈپٹی سیکرٹری ایڈمنسٹریشن ٹی ڈی سی، سٹی سیکرٹری سوشل ویلفیئر کے فرض میں این جی اوز ہیلپ ڈیسک کا افتتاح کر رہے ہیں، ڈی جی سوشل ویلفیئر سکندر ذیشان بھی ہمراہ ہیں

## پاکستان ورکرز فیڈریشن مزدوروں کی حقیقی جماعت ہے، چوہدری محمد یٰسین

### مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد اور ان کا تحفظ کریں گے، عبدالرحمان عاصمی

پاکستان ورکرز فیڈریشن کا کسی فیڈریشن میں ادغام سے کوئی تعلق نہیں، شوکت علی انجم

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان ورکرز فیڈریشن (روشنی) مزدوروں کی حقیقی جماعت ہے جس کا مقصد مزدوروں کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے اور مزدوروں کے مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے ، پاکستان ورکرز فیڈریشن قومی صنعتی تعلقات کمیشن سے قانونی طور پر رجسٹرڈ ہے اور اسکا کسی اور کسی فیڈریشن میں ادغام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ورکرز فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین ، چیئرمین عبدالرحمان عاصمی، صدر شوکت علی انجم و دیگر مرکزی عہدیداران نے مشترکہ بیان میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ کچھ مفاد پرست اور نام نہاد لوگ پاکستان ورکرز فیڈریشن کا نام غیر قانونی طور پر استعمال کر رہے ہیں (بقیہ نمبر 4)

## ڈکیتی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت 3 رکنی گینگ گرفتار

### شہریوں کی جان ومال پر حملہ آور قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، بی بی او

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر کیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث مجرم ثانی خاتون سمیت 3 رکنی وائی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث مجرم ثانی خاتون سمیت 3 رکنی وائی گینگ کو گرفتار کر کے قبضے سے وارداتوں میں چھینی گئی موٹر سائیکل اور نقدی برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق گینگ نے دو ہفتے قبل فوڈ ڈیلیوری بوائے سے موٹر سائیکل اور نقدی چھینی جبکہ گینگ سرغنہ (بقیہ نمبر 5)

کراچی: تحریک طلبہ پاکستان کے مرکزی چیئرمین پیر زادہ محمد فیض رسول حیدر رضوی کی مرکزی رہنماؤں شیخ زبیر، شہباز، جنس (آن) نہ پڑی اور اسرار کی سے گفتگو میں امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

## اے این ایف کی کارروائیاں، 8 ملزمان گرفتار

### 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی

راولپنڈی (انٹرنیوز) اے این ایف نے مختلف اداروں میں منشیات فروخت کرنے والے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اے این ایف نے ٹک گیرہ کا روائیوں میں منشیات فروخت کرنے والے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے 42 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اے این ایف نے ٹک گیرہ کا روائیوں میں یونیورسٹی کے قریب (بقیہ نمبر 6)

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں چند روز قبل سڑک کنارے رحمٰن کی الماری میں رکھ دی۔ ملزم عمیر کے مطابق اگلے روز وہ گاڑی سگھڑا کی الماری سڑک پر رکھ آئی۔ پولیس سرکاری ملزم کو اب تک گرفتار نہیں کر سکی۔ دوسری جانب گلڈاب میں غیر قانونی اسلحہ سے ہوائی فائرنگ کرنے والے 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ شیر کے (بقیہ نمبر 7)

## آرٹیکل 63اے کی تشریح کے فیصلے پر نظر ثانی اپیلیں

### جسٹس منیب اختر کا موجودہ کمیٹی کے بنائے بنچ میں بیٹھنے سے انکار

اسلام آباد(آئی آئی پی) سپریم کورٹ کے جسٹس منیب اختر نے آرٹیکل 63اے کی تشریح کے فیصلے پر نظر ثانی اپیلوں پر سماعت کیلئے موجودہ کمیٹی کے بنائے بنچ میں بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ آرٹیکل 63 کی تشریح کے فیصلے پر

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

## سرگودہا، پولیس افسر نے 15 سالہ لڑکی کو درندگی کا نشانہ بنا دیا

سرگودھا (آئی آئی پی) پولیس افسر نے ساتھی کی مدد سے 15 سالہ لڑکی کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، مقدمہ درج، تاحال گرفتاری عمل میں نہیں آ سکی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تھانہ کوٹ مومن کے اے ایس آئی محمد نواز نے ساتھی احسان کی مدد سے بہکر کی طالبہ ان کو اغوا کیا اور اسے حبس بے جا میں رکھا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے لڑکی کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا اور اس پر تشدد بھی کیا۔ قلعہ کوٹ مومن پولیس (بقیہ نمبر 2)

لاہور: قذافی اسٹیڈیم میں ایپ کریڈیشن مہم کے کاشیرانی کام جاری ہے

## لاہور ہائیکورٹ نے 3 جوڈیشل افسران کو سزائیں سنا دیں

### جج جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے جوڈیشل افسران کو سزائیں سنا دیں

لاہور (انٹرنیوز) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے الزامات ثابت ہونے پر 3 جوڈیشل افسران کو سزائیں سنا دیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے الزامات ثابت ہونے پر 3 جوڈیشل افسران کو مختلف نوعیت کی سزائیں سنا دیں۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق چیف جسٹس نے ریفرنس کا جوڈیشل افسران کو فیصلے سنا تے ہوئے سول جج شازیہ (بقیہ نمبر 3)

## وارداتوں میں ملوث لیڈی سمیت 3 رکنی دانی گینگ گرفتار

### گینگ نے دو ہفتے قبل ڈیلیوری بوائے سے موٹر سائیکل اور نقدی چھینی تھی

راولپنڈی (این این آئی) آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث لیڈی سمیت 3 رکنی دانی گینگ گرفتار کر کے وارداتوں میں چھینا گیا موٹر سائیکل اور نقدی برآمد کر لی۔ گینگ اراکان نے دو ہفتے قبل ڈیلیوری بوائے سے موٹر سائیکل اور نقدی چھینی تھی۔ گینگ کے سرغنہ راشی عرف دانی نے ایک ماڈل وارادت (بقیہ نمبر 21)

## 15 پر بوگس کال کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

### زیر نے کال کی کہ دو نامعلوم افراد گن پوائنٹ پر 10 لاکھ چھین کر فرار ہو گئے

راولپنڈی (این این آئی) ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم زبیر نے 15 پر کال کی کہ دو نامعلوم افراد گن پوائنٹ 10 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے، واقعہ کی اطلاع پر ایئرپورٹ پولیس فوری موقع پر پہنچی، تحقیقات پر ایسا کوئی واقعہ پیش نہ آیا، ملزم وسیم نے ایمرجنسی ہیلپ (بقیہ نمبر 2)

## ویل ویمن کمرے میں آگ بھڑک اٹھی، سانحہ جل کر خاکستر

### آگ رات گے اچانک شارٹ سرکٹ سے لگی MS THQ نے صبح آگ روز کے نقصان کا تخمینہ لگا کر رپورٹ اعلیٰ حکام کو بھیج دی

### واقعہ کے بعد رات کو AC گوجرخان مقامی ایڈمنسٹریشن THQ نہ پہنچی کنٹن والے لڑکے نے مملے کو بتایا 1122 نے بروقت پہنچ کر آگ پر قابو پایا

گوجرخان (فرخزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان کی اتوار کی رات 11 بجے او پی ڈی وارڈ کے ویل ویمن کمرے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دونوں کمروں کو لپیٹ میں لے لیا اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ سپید طور پر فرج یا آن جی جنکے کیمپ بیمار والے حصے میں ناروں میں آگ لگی جس نے پلاسٹک وال فیبرز کو لپیٹ میں لیا جس سے فرنیچر، اے سی، کرسیاں، میز، بیڈ، گلاس، ڈیوڑ بل کے نام تھی سوچ بورڈ آگ کی لپیٹ میں نہ آئے جس سے پانی کمرے شارٹ سرکٹ سے بچ گئے اور ہسپتال بڑے سانحے سے بچ گیا ایم ایس (بقیہ نمبر 24)

## کارکھانی میں جاگری، نائب امیر جماعت اسلامی باجوڑ سمیت 3 افراد جاں بحق

کنڑ/گردستان (آئی آئی پی) لوئر دسوتان کے علاقے جبیال خاڈو کے مقام پر کار گھانی کھائی میں جا گری، میڈیا رپورٹس کے مطابق حادثے میں نائب امیر جماعت اسلامی باجوڑ سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے، جاں بحق افراد میں قاری عبدالجبیر، امان اللہ اور حیات محمد شامل ہیں۔

## 3 منشیات فروش گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 02 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے ملزم کامران کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 کلو 240 گرام چرس برآمد ہوئی، چھترآباد پولیس نے ملزم لقمان کو گرفتار کر کے ملزم سے 580 گرام چرس برآمد کی، ویسٹریج پولیس نے ملزم اختیار کو گرفتار کر کے ملزم سے 260 گرام چرس برآمد کر لی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فائنٹ (بقیہ نمبر 27)

پنجاب اسمبلی کے سیشنڈ کمیٹی نمبر 6 کے چیئرمین سید اللہ شاہ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## پنجاب اسمبلی کی مفاد عامہ کے مسئلے کی براہ راست کوریج کی اجازت

### تاریخ میں پہلی بار 9 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے قواعد وضوابط 1997 کے قاعدہ 187 کے تحت ایجنڈا کمیٹی نمبر 06 تشکیل

### سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنے کچھ اختیارات چیئرمینوں کی مشاورت سے تمام کمیٹیوں کی براہ راست کوریج کی اجازت دے دی

لاہور(نمائندہ خصوصی) سپیکر ملک محمد احمد خان نے 9 ستمبر کو ہونے والے اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے قواعد وضوابط 1997 کے قاعدہ 187 کے تحت ایجنڈا کمیٹی نمبر 06 تشکیل دی۔ قواعد وضوابط کے مطابق سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنے کچھ اختیارات چیئرمینوں کی مشاورت سے تمام کمیٹیوں کی براہ راست کوریج کی اجازت دے دی۔ جس سے اسمبلی کمیٹیوں کو اہم مسائل پر کھلے اجلاس کرنے کے اختیارات دیے گئے ہیں۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے (بقیہ نمبر 9)

## پولیس وین پر ملزمان کی فائرنگ، زیر حراست ملزم ہلاک

### ملزمان کی فائرنگ سے زیر حراست 2 ملزمان اور 4 پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے

قصور(این این آئی) قصور میں پھولنگر کے علاقے میں پولیس وین پر ملزمان کی فائرنگ سے زیر حراست ایک ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی فائرنگ سے زیر حراست 2 ملزمان اور 4 پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ اس موقع پر زیر حراست ایک ملزم سرکاری راکفل چھین کر فرار ہو گیا، فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس اہلکاروں نے چند روز قبل سندھ کے علاقے میر پور خاص میں تین مذہب کے اقرام میں قرار ملزم کو سوید پولیس مقابلے میں قتل کر دیا گیا تھا۔ بعد ازاں معاملے سے متعلق انکوائری کمیٹی کی ابتدائی رپورٹ میں پولیس مقابلے کو جعلی قرار دیکر پولیس افسران اور اہلکاروں (بقیہ نمبر 28)

## سڑک کنارے الماری سے لاش ملنے کا کیس، 4 ملزمان گرفتار

### دوستوں میں جھگڑا ہوا تو رب نواز نے مقتول حسن کے سر پر لوہے کی چیز ماردی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں چند روز قبل سڑک کنارے رحمٰن کی الماری میں رکھ دی گئی تھی۔ ملزم عمیر کے مطابق اگلے روز وہ گاڑی سگھڑا کی الماری سڑک پر رکھ آئی۔ پولیس سرکاری ملزم کو اب تک گرفتار نہیں کر سکی۔ دوسری جانب گلڈاب میں غیر قانونی اسلحہ سے ہوائی فائرنگ کرنے والے 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ شیر کے (بقیہ نمبر 7)

## سعودی عرب کا فلسطینی عوام کے لیے امداد کا اعلان

ریاض (آئی آئی پی) سعودی عرب نے فلسطینی عوام کے لیے ماہانہ بنیادوں پر مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ سعودی عرب نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت میں فلسطینی عوام کے لیے ماہانہ مالی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی جانب سے اس (بقیہ نمبر 3)

فوری ضرورت

ARC عوام کی سچی صحافت کیلئے

Daily Awami Lalkaar

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035